مانع حمل ادویات استعمال کرکے حمل روکنا(Abortion)کیسا؟

مجیب: مولانا محمد سجاد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3343

تاریخ اجراء: 06جمادی الاخریٰ1446ھ /09دسمبر2024ء

دارالافتاء اہلسنت
(دعوت اسلامی)

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ کئی بچیاں شادی کے بعد کچھ دوائیاں استعمال کرتی ہیں تاکہ فوراً حمل نہ ٹھہرے کیوں کہ ابھی وہ اس کی ذمہ داریاں نہیں اٹھاسکتی ہیں یا پھر وہاں کے ماحول میں ڈھلنے کے لئے کچھ وقت درکار ہوتا ہے یا پھر پہلے ایک بچہ ہے اور ابھی وہ بہت چھوٹا ہے اور دوسرا بچہ ہونے سے پہلے اس کو صحیح طریقے سے وقت نہ دیا جاسکے گا، تو کیا ان وجوہات کی بنا پر وہ دوائیاں لینا درست ہے؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جی ہاں! پوچھی گئی صورت میں معقول وجوہات کی بنا پر عارضی طور پر حمل نہ ٹھہرنے کے لیے مانعِ حمل ادویات استعمال کرنا کہ جب تک دوا کا استعمال جاری رہے، حمل قرار نہیں پائے گا، اور جب دوا کا استعمال بند کر دیا جائے، تو حمل قرار پاسکتا ہے تو یہ جائز ہے، کیونکہ یہ عزل (شوہر کا مادہ منویہ کو باہر خارج کرنے) کے حکم میں ہے اور عزل جائز ہے۔ہاں البتہ مستقل طور پر بچہ دانی بند کروانا یا اولاد روکنے کے لیے آپریشن کروانا، جائز نہیں، کیونکہ یہ مُثلہ کے حکم میں ہے اور مُثلہ ناجائز و حرام ہے۔

مفتی وقار الدین رحمۃ اللہ علیہ وقار الفتاوی میں فرماتے ہیں: ”ایسی دوائیں استعمال کی جائیں کہ جب تک دوا کا استعمال جاری رہے، حمل قرار نہیں پائے گا، اور جب دوا کا استعمال بند کر دیا جائے، تو حمل قرار پاسکتا ہے، اس میں اگر کوئی معقول وجہ ہے، مثلاً پہلا بچہ چھوٹا ہے فوراً دوبارہ حمل ہونے سے اسکی صحت خراب ہو گی یا بیوی کی صحت اچھی نہیں ہے کہ جلدی جلدی بچے کی پیدائش سے اس کی صحت اور خراب ہو جائے گی تو ان دواؤں کا استعمال جائز ہے اور یہ بالکل عزل (شوہر مادہ منویہ کو باہر خارج کرے) کے حکم میں ہے اور یہ جائز ہے۔“ (وقار الفتاوی، ج3، ص126، بزم وقار الدین، کراچی)

مزید فرماتے ہیں: ”آپریشن کرکے حمل کی صلاحیت کو ضائع کردیا جائے تو یہ بھی ناجائز و حرام ہے اور مثلہ کے حکم میں ہے۔ مثلہ کے معنی یہ ہیں کہ کسی عضو کو ضائع کردینا۔ اس میں بھی رحم کو ضائع کردیا جاتا ہے، جو عضو کے ضائع کرنے کے حکم میں ہے۔“ (وقار الفتاوی، ج03، ص126، بزم وقار الدین، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net